کہیے کہ اگر حرام کھاتے ہو تو کم از کم اسے حرام تو سمجھو، شاید کبھی اللہ اس سے بچنے کی توفیق دے دے۔ لیکن اگر حرام کو حلال بنا کر کھایا تو تمھارے ضمیر مردہ ہو جائیں گے، پھر کبھی حرام سے بچنے کی خواہش دل میں پیدا ہی نہ ہو سکے گی۔ اور جب خدا کے ہاں حساب دینے کھڑے ہو گے تو تم کو معلوم ہو جائے گا کہ حقیقت تمھارے بدلنے سے نہیں بدل سکتی۔ حرام حرام ہے، خواہ تم اسے حلال بنانے کی کتنی ہی کوشش کرو۔

پھر لوگوں سے کہیے کہ اگر خدا اور آخرت اور حساب اور جزا و سزا، یہ سب تمھارے نزدیک محض افسانہ ہی افسانہ ہے تب تو حرام و حلال کی بحث ہی فضول ہے۔ جانوروں کی طرح جس کھیت میں ہریالی نظر آئے اس میں گھس جاؤ، اور جائز و ناجائز کی بحث کے بغیر کھاؤ جتنا کھایا جا سکے۔ لیکن اگر تمھیں یقین ہے کہ اوپر کوئی خدا بھی ہے، اور کبھی اس کے سامنے جا کر حساب بھی دینا ہے، تو ذرا اس بات پر بھی غور کر لو کہ آخر یہ حرام کی کمائی کس کے لیے کرتے ہو؟ کیا اپنے جسم و جان کی پرورش کے لیے؟ مگر یہ جسم و جان تو اس خدمت پر تمھارے احسان مند نہ ہوں گے بلکہ تمھارے خلاف خدا کے ہاں الٹا استغاثہ کریں گے کہ تو نے ہمیں اس ظالم کی امانت میں دیا تھا اور اس نے ہمیں حرام کھلا کھلا کر پرورش کیا۔ پھر کیا بیوی بچوں کے لیے کرتے ہو؟ مگر یہ بھی قیامت کے روز تمھارے دشمن ہوں گے اور تم پر الٹا الزام رکھیں گے کہ یہ ظالم خود بھی بگڑا اور ہمیں بھی بگاڑ آیا۔ پھر آخر یہ عذاب الٰہی کے خطرے میں اپنے آپ کو کس لیے ڈال رہے ہو؟ --- کیا کبھی موت آنی ہی نہیں ہے؟ یا مرنے کے بعد کوئی جائے پناہ تجویز کر رکھی ہے جہاں خدا کی پکڑ سے بچ جانے کی امید ہے؟ **(سید ابوالاعلیٰ مودودی)**

بنکوں میں نفع و نقصان کا شراکتی کھاتہ

بنکوں میں نفع نقصان شراکتی کھاتہ میں جو رقوم رکھی جاتی ہیں ان پر نفع کے نام سے بنک جو رقم دیتے ہیں آیا وہ شریعت کی رو سے جائز ہے؟ میرے بعض تحریکی دوست اسے جائز سمجھتے ہیں مگر مجھے شرح صدر نہیں ہے۔ کیا شرعاً یہ کشمیری مجاہدین کو بھیجی جا سکتی ہے؟ کیا اس سے اپنے لیے لائبریری کے لیے دینی لٹریچر خریدا جا سکتا ہے؟ بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے اس سے ٹرسٹ بنانا اور مدرسے کھولنا جائز ہے؟

نفع نقصان شراکتی کھاتہ میں سے یکم رمضان کو زکوٰۃ وضع کی جاتی ہے۔ کیا یہ زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے؟

بنک میں نفع و نقصان میں شراکتی کھاتے کے نام سے جو کھاتہ جاری کیا گیا ہے وہ سود ہے اور اس سے حاصل کردہ منافع سودی منافع ہے۔ ایسے منافع کے مستحق فقرا و مساکین اور مفلوک الحال لوگ ہیں۔ اس سلسلے میں آپ کے دوستوں کا نظریہ اور طرز عمل درست نہیں ہے۔ منافع کی یہ رقم جو نفع و نقصان شراکتی کھاتہ سے ملتی ہے، سودی ہے۔ اسے آپ مجاہدین کشمیر، یتیموں، بیواؤں اور بوسنیا کے مہاجرین و مجاہدین کی امداد میں دے سکتے ہیں، اپنے استعمال میں لانا کسی صورت میں بھی جائز نہیں